© rasailojaraid.com

ضروری ہوتی ہے اور احادیث کے معنی ڈکشنری ہی سے نہیں، صحابہ کی پوری جماعت شاگردانِ رسول پاکؐ کے معمولات کے ذریعے بھی ہوتی ہے کہ کن چیزوں کو حضورؐ نے دیکھ کر پسند کیا یا منع نہیں فرمایا۔

بہرحال آپ قرآن وسنت کے بعد فقہ کو مانیں نہ مانیں، خصوصاً فقہ حنفیہ سے آپ کو کدہو، ہوا کرے۔ لیکن مولانا عبدالقیوم حقانی صاحب کی زیرِ نظر کتاب کو ضرور پڑھ لیں جو در حقیقت ائمہ کے بسیط احوال و مقامات کی محض تلخیص ہے۔

---

**بزمِ اقبال کی ۳ تازہ کتب** "بزمِ اقبال" حکیم الامت علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ کی شخصیت، فکر اور شاعری پر مسلسل اور نوبہ نو کام کرنے کی وجہ سے شہرت رکھنے والا ادارہ ہے۔ حال ہی میں اس ادارہ نے ۳ کتابیں شائع کی ہیں:

۱۔ اقبال شناسی اور محور — مرتب جناب رفیع الدین ہاشمی

۲۔ اقبال شناسی اور جنرل ریسرچ — " "

۳۔ اقبال شناسی اور سیارہ — مرتب جعفر بلوچ

طباعت ٹائپ سے ہے اور اچھی جلد بندی ہے۔ قیمتیں علی الترتیب، ۲۵/- روپے، ۹۰/- روپے اور ۹۰/- روپے ہیں۔

اہلِ تحقیق بھی عجب مخلوق ہوتی ہے۔ بالکل اسی طرح جیسے آسمان پر اڑنے والا ایک پرندہ اپنی چھوٹی سی آنکھ کی صفاتِ دور بینی و خورد بینی کے بل پر جان لیتا ہے کہ نیچے پھیلے ہوئے خوانِ زمین پر، یا کسی درخت یا پودے پر، کسی مکان کے آنگن میں یا چھت پر اس کے مقدر کا کوئی دانہ و قطرہ پڑا ہے۔ پھر وہ تیر کی طرح نشانے پر پہنچتا ہے اور اپنا رزق لے اڑتا ہے۔ اسی محقق کی نگاہ چاروں طرف دور دور تک دیکھ لیتی ہے کہ اس کے موضوع سے متعلق کوئی مواد کہاں موجود ہے۔ اس کی مثال یہ کتابیں پیش کرتی ہیں۔

"محور" جو پنجاب یونیورسٹی کا میگزین ہے اس میں اقبال کے متعلق جو مضامین شائع ہوئے

© rasailojaraid.com